**23/09/2025**

**07.40 PM**

**<u>ہیڈ لائنز</u>**

***........ دنیا کی سب سے بڑی ہیلتھ ایشورنس اسکیم آیوشمان بھارت کی عمل آوری کے 7سال مکمل //اب تک کروڑوں لوگ اس اسکیم سے ہوئے مستفید۔**

***........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں کابینہ میٹنگ منعقد // کئی انتظامی معاملات پر ہوا تبادلہ خیال ۔**

***........ سیوا پرو کے تحت ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد جاری ۔**

***........ آج منایاجا رہا ہے آیور ویدک ڈے۔**

**آیوشما ن بھارت**

**آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کی عمل آوری کے آج سات سال مکمل ہو گئے ہیں ۔ ستمبر2018میں شروع کی گئی یہ اسکیم دنیا کی سب سے بڑی ہیلتھ ایشورنس اسکیم ثابت ہوئی ہے ۔**

**جموں کشمیر میں اس اسکیم کی عمل آوری کے تعلق سے سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کے نوڈل آفیسر پرتیک پنجاتھیہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**<u>کابینہ</u>**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج کابینہ میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں انتظامیہ اور ترقیاتی عمل کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا اور مختلف معاملات کے تعلق سے مطلوبہ فیصلے لئے گئے۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراءاور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو بھی موجود تھے۔**

**<u>عمر ملاقات</u>**

**جاوید اقبال نے آج وزیر اعلیٰ MLA بانہال کے ممبر اسمبلی سجاد شاہین اور بُدھل راجوری کے عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔**

**جس دوران انہوں نے اپنے متعلقہ حلقوں کی تعمیر و ترقی سے متعلق معاملات اٹھائے ۔**

**<u>نائب وزیر اعلیٰ</u>**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ جمونکشمیرمیں ٹریفک نظام کو بہتر بنائے جانے کی اشد ضرورت ہے۔ گاندربل کے دورے کے دوران میڈیا نمائندو ں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ سرکار اس ضمن میں ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔**

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ آج سیوا پرو کی خصوصی سیریز میں حکومت کی ۓ طرف سے روز گار اور صنعت کاری کوبڑھاوا دینے کیلئے کی گئی کوششوں پر نظر ڈالی جائے گی ۔ پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج گاندربل ضلع اسپتال میں سیوا پرو پروگرام اور سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقدہ ایک ہیلتھ کیمپ کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر 70برس سے زائد عمر کے شہریوں کو گولڈن ہیلتھ کارڈس فراہم کئے گئے ۔اس موقعے پر انہوں نے ضلع میں جاری صحت کے دیگر بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیا۔

PCOS

سیوا پرو کے تحت جاری پروگراموں کے سلسلے میں سکمز صورہ کے اہتمام سے آج زنانہ سے متعلق بیداری پروگرام منعقد ہوا ۔Polycystic Ovary Syndrome ڈگری کالج پلوامہ میں

شعبے سے وابستہ ڈاکٹر اعجاز قادر نے Endocryoology پروگرام کے دوران سکمز میں کی علامات اور احتیاط سے متعلق شرکاءکو جانکادری دی ۔PCOS

کالج کی پرنسپل پروفیسر سمیع جان نے بھی موضوع کے تعلق سے اظہار خیال کرتے ہوئے طالبات سے تلقین کی کہ وہ منظم اور صحتمند طرز زندگی اپنائیں۔

اشوک کول

کی جانب سے آج پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک BJP سیوا پرو کے سلسلے میں کول کی قیادت میں اننت ناگ میں صفائی مہم منعقد ہوئی۔اس مہم میں پارٹی کے متعدد لیڈروں اور کارکنوں نے شرکت کی ۔

اس دوران اشوک کول نے کولگام میں پارٹی لیڈروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران تنظیمی امورات کا جائزہ لیا۔

**پروگرام اطلاع**

**سیوا پرو کے سلسلے کے تحت آکاشوانی سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے نشر ہوگا۔ آج کے شمارے میں جموں کشمیرمیں تعلیم و ترقی کیلئے در کار اقدامات اور کلیدی مہمات پر بات ہوگی ۔**

**پروگرام کی مہمان شخصیت ہیں معروف پالیسی فریم ورک ، ایکسپرٹ ڈاکٹر شبستان غفار ۔**

**اُن کے ساتھ ہمکلام ہوں گے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔**

**GST**

**اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں۔ یہ قدم بھارت کے براہ راست ٹیکس GST ملک بھرمیں کل سے جدید نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت ملے گی۔**

**وقفہ**

**باقی خبروں سے پہلے یہ وقفہ**

**اب پیش ہیں باقی خبریں**

**ڈیلی گیشن**

**انڈو- آسٹریلین ڈیلی گیشن نے آ ج درگاہ حضرت بل مینحاضری دی ۔اس موقعے پر وقف بورڈ کی نیٹ ورک کے چیرمین ساجد کے سید کی صدارت CSRچیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے بھارت میں وفد کا خیر مقدم کیا۔**

**وفد نے درگاہ کے نئے تعمیراتی پروجیکٹ کی ستائش کرتے ہوئے بورڈ خاص طور پر ڈاکٹر اندرابی کی کوششوں کی سراہنا کی ۔ ڈاکٹر اندرابی نے وفد کو بتایا کہ درگاہ کی شان رفتہ میں مزید خوبصورتی لانے کیلئے کام جاری ہے جو بہت جلد مکمل ہونے کی امید ہے ۔**

**میٹنگCSB**

**بنگلورو میں سینٹرل سلک بورڈ کی143ویں میٹنگ سے منعقد ہوئی جس کی صدارت ٹیکسٹائلز کی مرکزی وزارت کے سینٹرل سلک بورڈ کی وائس چیر پرسن اور جوائنٹ سیکریٹری پدمنی سنگلا نے کی ۔Fibre**

**میٹنگ کے دوران سینٹرل سلک بورڈ سے جڑے کئی معاملات کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں کرناٹک ،آندھرا پردیش ، اُترپردیش ، تامل ناڈو اور دیگر ریاستوں کے نمائندوں نے شرکت کی**

جبکہ جموں کشمیر کی نمائندگی سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے کی ۔

**مبارکبادPM**

نو راتری کے دوسرے روز وزیرا عظم نریندر مودی نے آج ماں برہما چارنی کی پوجا ارچنا کی ۔وزیر اعظم نے سبھی عقیدت مندوں کیلئے ہمت اور حوصلے کی دعا کی ہے۔

**این سی**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے نو راترہ کے موقعے پر ہندو برادری خاص کر کشمیری پنڈتوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام مذاہب انسانی بھائی چارے کا درس دیتے ہیں اور آپسی محبت کو مستحکم بنانے کی راہیں دکھاتے ہیں ۔

انہوں نے کہاکہ پنڈت برداری کی عدم موجودگی میں وادی کشمیر اداس ہے تاہم انہوں نے امید ظاہر کی کہ ہمارے سماج کو اپنی دیرینہ روایات پھر سے بحال کرنے کا موقعہ ملے گا ۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ کے سربراہ نتیش کمار اور پردیش صدر جموں کشمیرجی ایم شاہین نے بھی عوام کو نو تراتر کی مبارکباد دی ہے۔

**بریک**

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

آیور ویدا

آج ایور ویدک ڈے منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال ، طبی منصوبوں کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کی یاد دلاتا ہے ۔اس دن کی اہمیت کے حوالے سے ڈائریکٹر آیوش جموں کشمیر ڈاکٹر سُریش شرمانے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

## سکینہ

دریں اثنا صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ڈائریکٹوریٹ آف آیوش کی طرف سے کنوینشن سینٹر جموں میں منعقدہ تقریب سے ورچول خطاب کیا ۔

انہوں نے مجموعی صحت کی دیکھ بھال کے سب سے قدیم اور موثر نظام صحت، آیور ویدکی اہمیت اجا گر کی۔

## خراج

گرو پ آف کنسرنڈ سٹیزن کے اہتمام سے سرینگر میں سابق بیورو کریٹ اور جموں کشمیر کے آفیسر مرحوم محمد شفیع پنڈت کی پہلی برسی کے سلسلے مینایک یاد گاری لیکچر IASپہلے مسلم کا انعقاد ہوا ۔

کے موضوع پر منعقدہ اس RTI & Good Governance- Responsibility of Civil Society لیکچر میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔سابق چیف انفارمیشن کمشنر وجاہت حبیب اللہ نے موضوع کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ۔

تقریب کی صدارت سابق ڈائریکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر اشوک بھان نے کی۔اس پروگرام کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے گرو پ آف کنسرنڈ سٹیزن کے چیرمین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے کہا۔

## تعزیت

جنوبی کشمیر کے ترال علاقے سے تعلق رکھنے والے حیدر آباد میں مقیم ایک معروف صحافی خورشید وانی کی دختر آج صبح حیدر آباد میں ایک دلدوز سڑک حادثے میں جان بحق ہوئی ہیں۔

آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر، دیگر عملے ، کشمیر پریس فوٹو گرافرس ایسو سی ایشن ،پرنٹ اور الیکٹرنک میڈیا سے وابستہ کئی اشخاص نے غمزدہ کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کر تے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کےلئے دعا کی ہے۔

## نشہ مکت

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک قلمکار عنایت گل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**بڈگام پولیس**

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے جموں کشمیر پولیس نے بڈگام مینصدام یوسف نامی ایک ڈرگ سمگلر سے چار کلو گرام نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

**BJPخراج**

جموں کشمیر کے اہتمام سے آج جموں میں مہاراجہ ہری سنگھ کے جنم دن کے سلسلے میں BJP ایک تقریب منعقد ہوئی ۔

اس موقعے پر پارٹی کے پردیش صدر ست شرما ،ممبران پارلیمنٹ، جگل کشور شرما اور غلام علی کھٹانہ کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے مہاراجہ ہری سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔

**گورو گپتا**

پارٹی کے ترجمان گورو گپتا نے اقوام متحدہ سکیورٹی کونسل کے فوری اصلاحات سے متعلق اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیوگویٹرس کے بیان کا خیر مقدم کیا ہے ۔

**سنجیتا ڈوگرہ**

اس دوران پارٹی کی پردیش جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرہ نے جموں میں ایک تقریب کے دوران خواتین کو 25لاکھ رسوئی گیس مفت کنکشن فراہم کرنے کے وزیر اعظم نریندرمودی کے فیصلے سے متعلق جانکاری دی ۔

**GMشاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے سٹیٹ ایگزیکٹو کی میٹنگ پارٹی کے صدر جی یم شاہین کی صدارت میں منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر انہوننے پارٹی ورکروں کو عوامی خدمت کیلئے وقف کرنے کو کہا اور ساتھ ہی پارٹی کو مستحکم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ۔

**حکیم یاسین**

PDF کے سربراہ حکیم محمد یاسین نے نیشنل کانفرنس پر عوامی اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کا الزام عائد کیا ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس نے اپنے انتخابی منشور میں عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو یکسر فراموش کیا ہے۔

**فوج سڑک**

**فوج کے31باڈر روڈس ٹاسک فورس نے ریاسی ضلع میں بُدھل- مہور- گل سڑک کو قابل آمد رفت بنایا ہے۔جموں میں دفاع کے ترجمان لیفٹنٹ کرنل سنیل برتوال نے کہا ہے کہ فوجی اور عوامی اعتبار سے انتہائی اہم اس سڑک کو بحال کرنے میں جدید مشینری اور ماہر افرادی قوت کو کام پر لگایا گیا ۔ یہ سڑک 28اگست کو تیز بارشوں کے بعد آمد رفت کیلئے بند ہو گئی تھی۔**

**ایوارڈ**

**صدر جمہوریہ درو پدی مرمو آ ج نئی دلی میں سال2023 کیلئے 71ویں نیشنل فلم ایوارڈس عطا کر رہی ہیں۔**

**اس موقعے پر سرکردہ فلم ادار کار ،ڈائریکٹر اور پروڈوسر موہن لال کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ دیا رہا ہے جو سینما کے شعبے میں سب سے اعلیٰ اعزاز ہے ۔**

**اجلاس**

**آج سے نیو یارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کا 80واں اجلاس شروع ہو رہا ہے جس میں کثیر تعداد میں عالم رہنما شرکت کریں گے۔**

**اجلاس کے دوران غزہ یوکرین کی لڑائی اور مغربی ملکونکی جانب سے بڑی تعداد میں فلسطین کو ایک مملکت تسلیم کئے جانے جیسے موضوع چھائے رہنے کا امکان ہے ۔**

**وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران بھارت کی نمائندگی کریں گے۔**

**پولیس ٹورنا منٹ**

**سرینگر میں شہید یاد گاری فٹ بال ٹورنا منٹ TRC جموں کشمیر پولیس کے اہتمام سے آج آرمڈ آنند جین مہمان خصوصی کی ADGP کے20ویں شمارے کا آغاز ہو ا۔ افتتاحی تقریب پر حیثیت سے موجود تھے۔**

**اس دوران پولیس کے اہتمام سے آج سوپور میں رن فار یونٹی کا بھی انعقاد ہوا۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے24 گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔**

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ 5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ4ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر20 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6 بج کر 25منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ